روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 8اپریل 2005ء28 صفر 1426 ہجری 8 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 76

پانی میں اضافہ

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور ﷺ زوراء مقام پر تھے کہ آپ کے پاس پانی کا برتن لایا گیا۔آپ نے اس میں اپنا ہاتھ ڈالا تو پانی آپ کی انگلیوں کے نیچے سے پھوٹ پڑا اور ساری قوم نے وضو کرلیا جن کی تعداد تین سو کے لگ بھگ تھی۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوۃ حدیث نمبر 3307)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے دس لاکھ کے قریب قول و فعل میں سراسر خدائی کا ہی جلوہ نظر آتا ہے اور ہر بات میں حرکات میں سکنات میں اقوال میں افعال میں روح القدس کے چمکتے ہوئے انوار نظر آتے ہیں۔

(آئینہ کمالات اسلام ۔ روحانی خزائن جلد5ص 116)

جس کو خدا تعالیٰ چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے اور جس کو حکمت دی گئی اس کو خیر کثیر دی گئی۔حکمت سے مراد علم عظمت ذات وصفات باری ہے۔اور خیر کثیر سے مراد اسلام ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ جلشانہ قرآن کریم میں فرماتا ہے(۔)یعنے اے میرے رب تو مجھے اپنی عظمت اور معرفت،شیون اور صفات کا علم کامل بخش۔اور پھر دوسری جگہ فرمایا۔ و بذلک امرت (۔)ان دونوں آیتوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جو اول المسلمین ٹھہرے تو اس کا یہی باعث ہوا کہ اوروں کی نسبت علوم معرفت الٰہی میں اعلم ہیں یعنے علم ان کا معارف الٰہیہ کے بارے میں سب سے بڑھ کر ہے۔اس لئے ان کا اسلام بھی سب سے اعلیٰ ہے اور وہ اول المسلمین ہیں۔اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس زیادت علم کی طرف اس دوسری آیت میں بھی اشارہ ہے جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے(۔)یعنے خدا تعالیٰ نے تجھ کو وہ علوم عطا کئے جو تو خود بخود نہیں جان سکتا تھا اور فضل الٰہی سے فیضان الٰہی سب سے زیادہ تیرے پر ہوا یعنے تو معارف الٰہیہ اور اسرار اور علوم ربانی میں سب سے بڑھ گیا اور خدا تعالیٰ نے اپنی معرفت کے عطر کے ساتھ سب سے زیادہ تجھے معطر کیا۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5ص 186)

خلیفۂ وقت کی خواہش

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نظام وصیت میں شمولیت کے سلسلہ میں فرمایا:۔

’’میری خواہش ہے اور میں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ اس آسمانی نظام مین اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کیلئے اپنی نسلوں کو زندگیوں کو پاک کرنے کیلئے شامل ہوں۔آگے آئیں اور کم از کم پندرہ ہزار اس ایک سال میں نئی وصایا ہو جائیں۔‘‘

(اختتامی خطاب جلسہ یو۔کے یکم اگست 2004ء)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

کفالت یتامیٰ کی
مبارک تحریک

جو دوست یتامیٰ کی خبر گیری اور کفالت کے خواہشمند ہوں ایسے احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنی خواہش اور مالی وسعت کے لحاظ سے جو رقم بھی ماہوار مقرر کرنا چاہیں اس کی اطلاع دفتر کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ کو دے کر اپنی رقوم ’’امانت کفالت یکصد یتامیٰ‘‘ صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں براہ راست یا مقامی انتظام کی وساطت سے جمع کروانا شروع کردیں۔ایک یتیم بچے کی کفالت کا اندازہ خرچ 500روپے سے 1500 روپے ماہوار ہے۔اس وقت بفضل تعالیٰ 1400 بچے یتامیٰ کمیٹی کی زیر کفالت ہیں۔

(سیکرٹری کمیٹی یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

بے گناہوں کیلئے دعا

جماعت احمدیہ کے بہت سے افراد مقدمات میں ملوث کئے گئے ہیں اور کئی قسم کی پریشانیوں میں مبتلا ہیں احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان سب بے گناہوں کی اپنے فضل سے سے بریت کے سامان پیدا فرمائے اور ہر قسم کی مشکلات سے بچائے۔(آمین)

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد

شادی بیاہ سے متعلق چند ضروری ہدایات

ارشاد باری تعالیٰ

☆ مومن لغو کاموں سے اعراض کرتے ہیں۔ اور جب وہ خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی سے کام نہیں لیتے۔

☆ اور ان کے (رسوم کے) بوجھ جوان پر لادے ہوئے تھے اور (بدعات کے) طوق جو ان کے گلوں میں ڈالے ہوئے تھے وہ ان سے دور کرتا ہے۔ (قرآن کریم)

فرمان حضرت مسیح موعود

☆ اتباع رسم ومتابعت ہواوہوس سے باز آ جائے گا۔

(الفاظ بیعت)

حضرت مصلح موعود کا ارشاد

☆ تحریک جدید کے (۔) مطالبات کا مقصد محض یہ تھا کہ جماعت اپنے حالات کے مطابق خرچ کرنے کی عادت ڈالے اور تباہی کے گڑھے میں گرنے سے محفوظ رہے۔ اسی طرح امراء اور غرباء میں جو تفاوت پایا جاتا ہے وہ روز بروز کم ہوتا جائے۔

(مطالبات تحریک جدید صفحہ 174)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ارشاد

☆ احمدی گھرانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ تمام بدرسوم کو جڑ سے اکھیڑ کر اپنے گھروں سے باہر پھینک دیں۔

آتش بازی وغیرہ

☆ برادری میں بھاجی تقسیم کرنا اور اس کا دینا اور کھانا یہ دونوں باتیں عندالشرع حرام ہیں۔ اور آتش بازی چلانا اور کنجروں اور ڈوموں کو دینا سب حرام مطلق ہے۔ (از حضرت مسیح موعود)

مہر

☆ حضرت مصلح موعود نے چھ ماہ کی آمد سے ایک سال کی آمد بطور ''مہر'' تجویز فرمائی ہے۔

زیور اور کپڑے کا مطالبہ

☆ لڑکی والوں کی طرف سے زیور اور کپڑے کا مطالبہ ہونا بے حیائی ہے۔ (از حضرت مصلح موعود)

مہندی

☆ شادی کے موقع پر مہندی اور اس کے متعلقہ رسوم جو رائج ہیں ہمارے نزدیک غیر (۔) ہیں۔

(از حضرت مصلح موعود)

سہرا

☆ سہرے کا طریق بدعت ہے۔ گھوڑا بنانے والی بات ہے۔ (از حضرت مصلح موعود)

نوٹوں کے ہار

☆ نوٹوں کے ہار گلے میں ڈالنا اور دولہا کا سر بالا بنانا ایک لغو اور بدعت ہے۔

جہیز اور بَری کی نمائش

☆ ''جہیز کی نمائش سے بچنا چاہئے جو کچھ دیا جاتا ہے بکسوں میں بند کر کے دیا جائے (۔) نہ صرف جہیز بلکہ بری کی نمائش بھی بری چیز ہے۔'' (از حضرت مصلح موعود) لڑکے والوں کی طرف سے جہیز کی خواہش اور اس کا مطالبہ نہایت قبیح حرکات ہیں۔

پیسے پھینکنا

☆ پیسے پھینکنا، دولہا کو طلائی انگوٹھی پہنانا، دودھ کی پلائی طلب کرنا، جوتا چھپانا سب بدرسوم ہیں۔

جوڑے دینا

☆ شادیوں کے وقت سسرال والوں کو جوڑے دینے وغیرہ سے اجتناب کرنا چاہئے۔ جہیز کی نمائش نہ کی جائے اور شادی کے موقع پر لڑکی کے سسرال کو جوڑے وغیرہ نہ دیئے جائیں۔

دعوت ولیمہ

☆ دعوت ولیمہ مسنون ہے مگر اسراف نہ ہو اور ''ولیمہ پر دس پندرہ دوستوں کو بلا لینا کافی ہوتا ہے۔''

(از حضرت مصلح موعود)

پردہ

☆ دولہا سے بھی غیر محرم مستورات پردہ کریں اور اس سے ہنسی مذاق نہ کریں۔ (از حضرت مصلح موعود)

☆ دولہا دلہن کی تصاویر جب کہ غیر محرم مستورات پاس ہوں نہ کھینچی جائیں۔

☆ دعوت میں ایسا انتظام ہو کہ عورتوں میں عورتیں کھانا کھلائیں نہ کہ مرد۔ تاکہ بے پردگی نہ ہو۔

☆ دیکھنے میں آیا ہے کہ شادی کی تقریب کی ویڈیو فلم تیار کرنا ایک رسم کا رنگ پکڑ رہا ہے۔ حالانکہ یہ اسراف اور بے پردگی کی حوصلہ افزائی کا موجب ہے اس لئے احمدی گھرانوں کو اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔ ہاں اگر کسی اشد مجبوری سے ایسی فلم تیار کرنا ضروری ہو تو مہمان مستورات کو فلم بنانے سے اچھی طرح متنبہ کر دیا جائے کہ وہ اپنے پردہ کا اہتمام کر لیں۔ زیادہ بہتر ہے کہ خاندان کا کوئی فرد ہی ویڈیو فلم تیار کرے۔

☆ شادی بیاہ پر کھانا کھلانے کے سلسلہ میں حکومتی قوانین کی پوری طرح پابندی کی جائے۔

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم سیف الرحمٰن صاحب ویلفیئر اکاؤنٹنٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کو مورخہ 28 مارچ 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچے کا نام نوید الرحمٰن عطا فرمایا ہے۔ بچہ حبیب الرحمٰن صاحب پنشنر تحریک جدید کا پوتا اور عبدالرفیق آصف صاحب مرحوم واقف زندگی کا نواسہ ہے۔ نومولود وقف نو کی تحریک میں شامل ہے۔ احباب سے بچے کی درازی عمر، نیک، صالح خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم چوہدری نور احمد صاحب ناصر ابن چوہدری محمد عبداللہ صاحب درویش قادیان مرحوم لاہور لکھتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم چوہدری منور احمد ناصر ایم ایس سی ٹیکسٹائل کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 2 مارچ 2005ء کو محض اپنے فضل سے پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام مونس احمد عطا فرمایا ہے نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک کا ثمر ہے نومولود چوہدری نور محمد صاحب سفید پوش حسن پور کلاں ضلع ہوشیار پور کی نسل سے ہے اور مکرم چوہدری نثار احمد صاحب آف بہلولپور حال سوئٹزر لینڈ کا نواسہ ہے۔ احباب سے خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر سے نوازے۔ نیز خادم دین بنائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

تقریب شادی

مکرم محمد شفیع سلیم صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد کھاریاں لکھتے ہیں۔ خاکسار کی پوتی عزیزہ مریم ثناء صاحبہ بنت چوہدری یحییٰ پرویز ناصر صاحب آف کھاریاں کا نکاح خاکسار نے اپنے نواسہ عزیزم راجہ نعیم احمد ابن راجہ ناصر احمد صاحب آف نصیرہ ضلع گجرات سے 26 مارچ 2005ء کو ایاز باغ کھاریاں میں بعوض ایک لاکھ روپیہ حق مہر پر پڑھا اور رخصتی اسی دن سہ پہر عمل میں آئی۔ دلہن ٹھیکیدار محمود احمد صاحب آف کالا گجراں جہلم کی نواسی اور دولہا محترم خواجہ غلام نبی صاحب سابق ایڈیٹر الفضل قادیان کی نسل سے ہے۔ مکرم راجہ ناصر احمد صاحب نے اپنے بیٹے کی دعوت ولیمہ کا اہتمام نصیرہ میں 27 مارچ 2005ء کو کیا۔ احباب سلسلہ سے شادی کے بابرکت ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم کرنل (ر) حسین احمد ملک صاحب اسلام آباد تحریر کرتے ہیں کہ ان کے بہنوئی گروپ کیپٹن (ر) مکرم ملک اکرام خالد صاحب مورخہ 9 فروری 2005ء کو AFIC راولپنڈی میں حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے بعمر 63 سال وفات پا گئے۔ مرحوم مکرم ملک محمد یعقوب صاحب آف بھیرہ کے بیٹے اور کرنل (ر) ملک ستار بخش صاحب (مرحوم) آف اسلام آباد کے داماد تھے۔ ان کی صحت عمومی طور پر اچھی تھی مگر چند سال قبل بڑے بیٹے کی شادی کے روز ان کا چھوٹا بیٹا عزیز ملک اویس اکرام، راولپنڈی میں کار کے ایک حادثے میں چند دن (Coma) کی حالت میں رہنے کے بعد وفات پا گیا۔ جوان بیٹے کی المناک وفات نے باپ کے دل پر گہرا اثر کیا جس کے نتیجہ میں ان کو ذیابیطس اور دل کا عارضہ لاحق ہو گیا۔ ہر ممکن علاج کروایا گیا۔ 2004ء کے آخر میں By Pass بھی کروایا گیا۔ عمومی طور پر صحتیابی کی طرف مائل تھے۔ لیکن 9 فروری 2005ء کو دل کا دورہ جان لیوا ثابت ہوا اور وہ جانبر نہ ہو سکے۔ اسی روز راولپنڈی میں ان کی نماز جنازہ مکرم سید حسین احمد صاحب مربی ضلع راولپنڈی نے پڑھائی اور راولپنڈی کے احمدیہ قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحوم نیک اور مخلص احمدی تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ اور دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں احباب جماعت سے مرحوم کی بلندی درجات اور تمام اعزہ کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

مکرم رانا مبارک احمد صاحب لاہور تحریر کرتے ہیں کہ محترمہ نسیم بیگم صاحبہ والدہ محترم وقار احمد صاحب ہما بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور شدید بیمار ہیں اور شیخ زاید ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

محترم شیخ بشیر احمد صاحب اوکاڑہ کی بیٹی جو کہ ہالینڈ سے پاکستان آئی ہیں۔ شدید بیمار ہیں احباب سے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مظفر احمد صاحب نجف کالونی علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی شفائے کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆......☆......☆......☆

راجہ برہان احمد طالع صاحب

وقف زندگی کی ضرورت، اہمیت اور تقاضے

انسان کو ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کرے (حضرت مسیح موعود)

وقف زندگی کا مفہوم

وقف زندگی کا مطلب یہ ہے کہ اپنی تمام زندگی خدا کی رضا کے عین مطابق گزارنا۔ یعنی زندگی جو خدا سے ملی ہے خدا کی راہ میں استعمال ہو۔ اس لحاظ سے ہر ایک مومن کو واقف زندگی ہونا چاہئے۔ بالخصوص ہم احمدیوں کو جو تمام دنیا کو اپنا مخاطب سمجھتے ہیں۔

قرآن کریم ہر مومن کو خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنا سب کچھ قربان کرنے کی ترغیب دیتا ہے مگر ساتھ ہی یہ بھی فرماتا ہے کہ مومنوں کی جماعت کا ایک گروہ ہر طبقے میں سے ایسا ہونا چاہئے جو کلیتہً دین کی خدمت کے لئے وقف ہو۔ چنانچہ فرمایا۔

ترجمہ: اور مومنوں کیلئے ممکن نہ تھا کہ وہ سب کے سب (اکٹھے ہوکر تعلیم دین کے لئے) نکل پڑیں۔ پس کیوں نہ ہوا کہ ان کی جماعت میں سے ایک گروہ نکل پڑتا تاکہ وہ دین پوری طرح سیکھتے اور اپنی قوم کو واپس لوٹ کر (بے دینی سے) ہوشیار کرتے تاکہ وہ (گمراہی سے) ڈرنے لگیں۔ (سورۃ توبہ آیت نمبر 122)

قرآن کریم کی اس آیت میں دین کے عظیم الشان مقاصد کی تکمیل کا ایک راستہ بیان فرمایا گیا ہے۔ وہ راستہ یہ ہے کہ کچھ لوگ اپنی زندگی دین کو سیکھنے اور پھر اسے پھیلانے کیلئے وقف کریں۔

حضرت مسیح موعود اور وقف زندگی

حضرت مسیح موعود نے متعدد بار زندگی وقف کرنے کے بارہ میں ارشاد فرمایا۔ ایک دفعہ آپ نے فرمایا:۔

''ہمیں ایسے آدمیوں کی ضرورت ہے جو نہ صرف زبانی بلکہ عملی طور پر کچھ کرکے دکھانے والے ہوں علمیت کا زبانی دعویٰ کسی کام کا نہیں۔''

نیز فرمایا:۔

''(دعوت الی اللہ)........ کے واسطے ایسے آدمیوں کے دوروں کی ضرورت ہے مگر ایسے لائق آدمی مل جائیں کہ وہ اپنی زندگی اس راہ میں وقف کردیں۔ آنحضرت ﷺ کے صحابہ بھی اشاعت اسلام کے واسطے دور دراز ملکوں میں جایا کرتے تھے۔ یہ چین کے ملک میں کئی کروڑ مسلمان ہیں معلوم ہوتا ہے کہ وہاں بھی صحابہ میں سے کوئی شخص پہنچا ہوگا۔''

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 682)

حضرت اقدس کا صرف یہ فرمان ہی نہیں بلکہ حقیقت میں خود حضرت مسیح موعود نے خدمت دین کیلئے سر دھڑ کی بازی لگادی۔ اور اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ صرف کردیا اور انتہائی مشقتیں اور تکالیف برداشت کیں۔ آپ کو اس کے لئے جو دلی جوش دیا گیا اسے آپ اس طرح بیان فرماتے ہیں۔

''میں اس مولیٰ کریم کا اس وجہ سے بھی شکر کرتا ہوں کہ اس نے ایمانی جوش (۔) کی اشاعت میں مجھ کو اس قدر بخشا ہے کہ اگر اس راہ میں مجھے اپنی جان بھی فدا کرنی پڑے تو میرے پر یہ کام بفضلہ تعالیٰ کچھ بھاری نہیں۔ اور چاہتا ہوں کہ میری ساری زندگی اس خدمت میں صرف ہو اور درحقیقت خوش اور مبارک زندگی وہی ہے جو الٰہی دین کی خدمت میں صرف ہو۔ ورنہ اگر انسان ساری دنیا کا بھی مالک ہوجائے اور اس قدر وسعت معاش حاصل ہو کہ تمام سامان عیش کے جو دنیا میں ایک شہنشاہ کیلئے ممکن ہیں وہ سب عیش اسے حاصل ہوں پھر بھی وہ عیش نہیں بلکہ ایک قسم کا عذاب ہے جس کی تلخیاں کبھی ساتھ ساتھ اور کبھی بعد میں کھلتی ہیں۔''

(آئینہ کمالات اسلام صفحہ 35-36)

پہلی منظم تحریک

وقف زندگی کی پہلی منظم تحریک خود حضرت اقدس مسیح موعود نے ستمبر 1907ء میں فرمائی تھی۔ اسی تحریک اور انہیں شرائط و حقائق کے ساتھ الحمد للہ یہ وقف زندگی کا نظام جماعت احمدیہ میں نہ صرف بھرپور طور پر رائج ہے بلکہ وقت کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ خلفاء حضرت اقدس مسیح موعود اس نظام کو الٰہی تصرفات کے تحت آگے سے آگے بڑھاتے جارہے ہیں۔

حضرت مصلح موعود نے اپنے زمانہ خلافت میں کئی مواقع پر دین کی خدمت کیلئے بے نفس کارکنوں کو آگے بڑھ کر خدمات بجالانے کی تحریک فرمائی۔ 7دسمبر 1917ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اشاعت دین کیلئے اپنے زمانہ خلافت میں زندگی وقف کرنے کی تحریک فرمائی۔ اس تحریک پر لبیک کہتے ہوئے 63 نوجوانوں نے اپنے نام پیش کئے۔ ان واقفین کو تین گروہوں میں تقسیم کردیا گیا۔

(i) رابطین جو واقفین کے استاد تھے۔

(ii) مجاہدین جو عملاً دعوت الی اللہ میں مصروف عمل تھے۔

(iii) منتظرین جو مدرسہ احمدیہ یا ہائی سکول میں تعلیم پارہے تھے۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 204)

ان تینوں گروہوں میں اکثریت وہی تھی جو مدرسہ احمدیہ سے کسی نہ کسی طرح تعلق رکھتے تھے چاہے وہ فارغ التحصیل طلباء ہوں، اساتذہ ہوں یا طلباء۔

تحریک جدید کے آغاز کے ساتھ واقفین کا باقاعدہ نظام شروع ہوا۔ ابتدائی خوش قسمت واقفین کی تعلیم و تربیت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ذاتی نگرانی میں ہوتی تھی۔ واقفین کو باقاعدہ ڈائری کی صورت میں اپنی ہر روز کی تمام مصروفیات کو ضبط تحریر میں لاکر پندرہ روزہ رپورٹ کی شکل میں حضور کی خدمت میں پیش کرنا ہوتا تھا۔ حضور سے ہر پندرہ روز کے بعد ملاقات کی سعادت بھی حاصل ہوتی تھی جس میں رپورٹوں کا جائزہ لینے کے علاوہ آئندہ لائحہ عمل کے متعلق ہدایات جاری ہوتیں۔ واقفین کو محنت مشقت کی عادت ڈالنے کے لئے بعض خصوصی پروگرام جن میں پیدل چلنا اور بعض دوسری مشقیں شامل تھیں۔ حضور کی زیر ہدایت بنائے جاتے تھے۔ ایسے خوش قسمت واقفین کو بعد میں (دعوت الی اللہ) کے میدان میں غیر معمولی خدمات بجالانے کی توفیق ملی اور وہ ہمیشہ اپنی اس ابتدائی تربیت کا خوشی سے ذکر کرتے اور اس کے عملی زندگی میں مفید و بابرکت اثرات و نتائج بیان کیا کرتے تھے۔ حضور نے اپنے ایک ابتدائی خطاب میں واقفین زندگی کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یہ مت خیال کرو کہ دنیوی دولت کے نہ ہونے کی وجہ سے تم ذلیل ہوجاؤ گے ذلیل وہی ہوتا ہے جو آدھا خدا کا ہوتا ہے اور آدھا شیطان کا اور آدھا تیتر آدھا بٹیر خدا تعالیٰ کو پسند نہیں ہوتا............ مگر وہ جو دنیا کی محبت اپنے دل سے بالکل نکال دیتا ہے اور کہتا ہے اگر مجھے بادشاہت ملی تو میں بادشاہت لے لوں گا اور اگر فقیری ملی تو فقیری قبول کرلوں گا۔ اگر تخت ملا تو تخت پر بیٹھ جاؤں گا اور اگر پھانسی کا تختہ ملا تو اس پھانسی کے تختہ پر چڑھ جاؤں گا۔ ایسے شخص کو کوئی نہیں جو ذلیل سمجھ سکے یہ خود کسی کے پاس اپنی کوئی غرض لے کر جائے گا نہیں اور جو اس کے پاس آئے گا وہ اس سے کوئی علمی فائدہ حاصل کرنے کے لئے ہی آئے گا۔ اور اگر یہ سچا مومن ہے تو یہ خزانہ اس کے پاس اس کثرت سے ہوگا کہ باوجود خرچ کرنے کے ختم ہونے میں نہیں آئے گا۔ پس دین کی خدمت اور خدا تعالیٰ کی محبت میں ہر قسم کی عزت ہے۔ بشرطیکہ دنیا کا رعب دل سے مٹ جائے اور خدا تعالیٰ کا رعب دل پر چھا جائے اور دراصل ایسے شخص کا وقف ہی حقیقی وقف ہے۔

(الفضل 8 دسمبر 1938ء)

نظام وقف زندگی

وقف زندگی کا نظام حضرت اقدس مسیح موعود کی خواہشات کے مطابق جماعت احمدیہ میں اب ایک مؤثر رنگ میں رائج ہوچکا ہے۔ ابتداء میں مدرسہ احمدیہ کے فارغ التحصیل طلباء، اساتذہ اور زیر تعلیم طلباء نے اس تحریک پر لبیک کہا۔ جامعہ احمدیہ کے 1928ء میں قیام کے بعد مربیان کلاس میں جانے کے لئے وقف زندگی کرنا ضروری تھا، 1949ء میں جامعۃ المبشرین کے قیام کے بعد یہی شرط اس جامعہ میں داخلے کے لئے مقرر ہوئی۔ 1957ء میں مدرسہ احمدیہ، جامعہ احمدیہ اور جامعۃ المبشرین مل کر ایک ہی منظم ادارے جامعہ احمدیہ کی شکل میں سامنے آئے تو جامعہ احمدیہ میں داخلے کی شرائط میں وقف زندگی ہونا لازمی ہوگیا۔ گو کچھ عرصہ تک چند طلباء بحیثیت پرائیویٹ طالب علم بھی پڑھے لیکن یہ محض ایک استثنائی صورت تھی۔

خلفاء احمدیت اور وقف زندگی

وقتاً فوقتاً خلفاء احمدیت جامعہ احمدیہ اور وقف زندگی کی طرف جماعت کو متوجہ کرتے رہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی وقف اور جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

(1) ''میں جماعت کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ اپنے اخلاص کا ثبوت دے اور نوجوان زندگی وقف کریں۔ ہر احمدی گھر سے ایک نوجوان ضرور اس کام کیلئے پیش کیا جائے۔ مدرسہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے ہر سال کم ازکم پچاس طالب علم آنے چاہئیں۔ سو ہوں تو بہتر ہے۔''

(2) حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

جب ہم نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ ہم محمد رسول اللہ ﷺ کے نام کو دنیا میں پھیلائیں اور (دین حق) کے جلال اور اس کی شان کے اظہار کے لئے اپنی ہر چیز قربان کردیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ساری دنیا میں صحیح طور پر (دعوت الی اللہ) کرنے کیلئے ہمیں لاکھوں (مربیان) اور کروڑوں روپیہ کی ضرورت ہے۔''

(الفضل 28 اگست 1959ء)

(3) حضرت خلیفۃ المسیح الثالث جامعہ احمدیہ میں طلباء کی تعداد دیکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''جس تعداد میں جامعہ احمدیہ میں نوجوان داخل ہوتے ہیں اور باقاعدہ مربی بنتے ہیں اسے دیکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ضروریات کے ہزارویں حصہ کو بھی پورا نہیں کرتے۔''

(4) حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

''آئندہ سو سالوں میں دین حق نے جس کثرت سے ہر جگہ پھیلنا ہے اس کے لئے لاکھوں تربیت یافتہ غلام چاہئیں۔ ایسے واقفین زندگی چاہئیں جو خدا کی راہ

میں حضرت محمد ﷺ کے غلام ہوں۔ ہر طبقہ زندگی سے کثرت کے ساتھ واقفین زندگی چاہئیں۔"

(5) جامعہ احمدیہ میں طلباء کی تعداد بڑھانے کیلئے مجلس مشاورت 1961ء کا فیصلہ ہے کہ:-

"ہر ضلع کی جماعت 250 چندہ دہندگان پر کم از کم ایک میٹرک پاس طالب علم جامعہ احمدیہ میں برائے تعلیم بھجوائیں۔"

جامعہ احمدیہ اور وقفِ زندگی

جماعت احمدیہ میں عمومی طور پر اور خصوصی طور پر جامعہ احمدیہ کے حوالے سے وقف زندگی کا نظام ایک منفرد اور انوکھا نظام جاری ہے۔ سینکڑوں کی تعداد میں نوجوانان احمدیت اپنی زندگیاں وقف کر کے دین کی خدمت کر رہے ہیں۔ ان میں سے بہت سے دنیا کما سکتے ہیں مگر وہ اپنی تمام امنگوں پر لات مار کر خدا کے ہو گئے ہیں۔ وہ قلیل کو کثیر پر ترجیح دیتے ہیں۔ وہ والدین جنہوں نے کئی واقفین زندگی کو پروان چڑھایا بلاشبہ قابل صد خراج تحسین ہیں۔

آج اکنافِ عالم میں احمدیہ دینی مراکز قائم ہیں۔ ان مراکز میں احمدی ماؤں کے جگر گوشے جامعہ احمدیہ کے قابل فخر سپوت مختلف مصائب اور اجنبی ماحول کی صعوبتوں کو برداشت کرتے ہوئے خوش ہیں کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کی خاطر جہاد کیا ہے والدین، رشتہ داروں، بہن بھائیوں اور بال بچوں سے الگ دنیا اور وطن سے جدا ہو کر دیار غیر میں جا کر اپنی زندگیاں وقف کر کے دین کی خدمت کر کے خدا کے فضلوں سے اپنی جھولیاں بھر رہے ہیں۔

حضرت مولوی ظہور حسین صاحب مجاہد اول روس و بخارا لکھتے ہیں:-

"اس میں کچھ شک نہیں کہ جامعہ احمدیہ کا کورس کافی لمبا ہے۔ تقریباً سات سال لگتے ہیں تب جا کر کہیں منزل سامنے آتی ہے۔ لیکن ایک دفعہ جب کوئی طالب علم اس بھٹی سے گزر جائے تو پھر سونا بن کر نکلتا ہے۔ یہ وہ درس گاہ ہے جہاں سے ایسے ایسے لوگ تعلیم حاصل کر کے نکلے کہ احمدیت کی آئندہ نسلوں کیلئے نشان راہ بن گئے اور جب تک دنیا قائم ہے یہ مربیان کا سلسلہ بھی قائم رہے گا۔"

(مجاہد بخارا و روس صفحہ 23)

جن پر پڑیں فرشتوں کی رشک سے نگاہیں
اے میرے محسن ایسے انسان مجھ کو دیدے

آجکل جامعہ احمدیہ میں داخل ہونے والے ہر طالب علم کو فارم پُر کر کے باقاعدہ معاہدہ وقف زندگی کرنا ہوتا ہے۔

واقفین زندگی کیلئے خلیفہ وقت کا فرمان

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:-

اب میں واقفین کیلئے حضرت مسیح موعود کا اقتباس پڑھتا ہوں۔ آج تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کے حالات بہت بدل گئے ہیں اور واقفین زندگی کیلئے بھی جماعت وسائل کے لحاظ سے جس حد تک سہولتیں بہم پہنچا سکتی ہے پہنچانے کی کوشش کرتی ہے لیکن واقفین زندگی اور اب واقفین نو بھی بعض اس عمر کو پہنچ گئے ہیں اور جامعہ میں بھی ہیں کچھ اور کالجوں میں پڑھ رہے ہیں ان کو حضرت اقدس مسیح موعود کے یہ الفاظ ہمیشہ پیش نظر رکھنے چاہئیں جو میں پڑھوں گا۔

آپ فرماتے ہیں کہ "ہمیں ایسے آدمیوں کی ضرورت ہے جو نہ صرف زبانی بلکہ عملی طور پر کچھ کر کے دکھانے والے ہوں، علمیت کا زبانی دعویٰ کسی کام کا نہیں ہے۔ ایسے ہوں کہ نخوت اور تکبر سے بکلی پاک ہوں اور ہماری صحبت میں رہ کر یا کم از کم ہماری کتابوں کا کثرت سے مطالعہ کرنے سے ان کی علمیت کامل درجہ تک پہنچی ہوئی ہو۔ (-) کے سلسلے کے واسطے ایسے آدمیوں کے دوروں کی ضرورت ہے، مگر ایسے لائق آدمی مل جاویں جو اپنی زندگی اس راہ میں وقف کر دیں۔ آنحضرت ﷺ کے صحابہ بھی اشاعت اسلام کے واسطے دور دراز ممالک میں جایا کرتے تھے۔ یہ جو چین کے ملک میں کئی کروڑ مسلمان ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں بھی صحابہ میں سے کوئی شخص پہنچا ہوگا۔ اگر اسی طرح 20 یا 30 آدمی متفرق مقامات کو چلے جاویں (اب تو اللہ تعالیٰ نے جماعت کو ہزاروں دے دیئے ہیں) تو بہت جلدی (-) ہو سکتی ہے (سینکڑوں تو میدان میں ہیں اور ہزاروں پیچھے سے آ رہے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ) مگر جب تک ایسے آدمی ہماری منشاء کے مطابق اور قناعت شعار نہ ہوں تب تک ہم ان کو پورے پورے اختیار بھی نہیں دے سکتے۔ آنحضرت ﷺ کے صحابہ ایسے قانع اور جفاکش تھے کہ بعض اوقات صرف درختوں کے پتوں پر ہی گزر کر لیتے تھے۔" (ملفوظات جلد پنجم صفحہ 682 جدید ایڈیشن)

اس زمانے میں بھی کچھ عرصہ پہلے افریقہ میں بعض (-) ہمارے گئے ہیں اور وہ وسائل کی کمی کی وجہ سے معمولی غذا کھا کے ہی گزارہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ اپنی زندگیوں میں سادگی پیدا کریں اور قناعت پیدا کریں۔

(الفضل 27 جولائی 2004ء)

نماز کی اہمیت اور برکات

زاہدہ خانم صاحبہ

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

"اور تم سب نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اس رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔" (سورۃ نور:57)

نیز فرمایا:-

"نماز مومنوں پر یقیناً ایک مؤقت (وقت پر ادا کرنا) فرض ہے۔" (سورۃ النساء:104)

احادیث مبارکہ سے نماز کی اہمیت ان الفاظ میں بیان ہوئی ہے کہ نماز دین کا ستون ہے۔ نماز مومن کی معراج ہے۔ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

نماز ارکان دین میں سے دوسرا رکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو صرف اور صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے اور تعلق باللہ کا بہترین ذریعہ نماز ہی ہے۔ یہ نماز ہی ہے جس کے ذریعہ ہم دعاؤں سے تمام مشکلات سے نکل سکتے ہیں۔ نماز دراصل عبادت کی روح ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

"نماز انسان کا تعویذ ہے۔ پانچ وقت دعا کا موقع ملتا ہے کوئی دعا تو سنی جائے گی۔ اس لئے نماز کو بہت سنوار کر پڑھو۔ اور مجھے یہی بہت عزیز ہے۔" (ملفوظات جلد نمبر 1 ص 396)

نماز وہ حسین عبادت ہے جس پر دین کی عمارت کھڑی ہے یہ وہ پُر مغز عبادت ہے جو مومن و کافر میں فرق ظاہر کرتی ہے۔ نماز وہ اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے جو خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں پر اپنا خاص فضل کرتے ہوئے نازل کی ہے۔ اور جس کے بجا لانے سے انسان ہر قسم کی برائیوں، بے حیائیوں لغو اور ناپسندیدہ امور و حرکات سے بچ جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورۃ العنکبوت آیت 46 میں فرماتا ہے کہ

"یقیناً اللہ تعالیٰ ہر بدی سے بچنے کا ایک ہی ذریعہ بیان فرماتا ہے کہ نماز ہر بے حیائی اور بدیوں سے انسان کو روکتی ہے۔"

نماز مومن کی روح کی غذا اور جنت کی کلید ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:-

"نماز سے بڑھ کر اور کوئی وظیفہ نہیں ہے کیونکہ اس میں حمد الٰہی ہے استغفار اور درود شریف ہے تمام وظائف و اذکار کا مجموعہ یہی نماز ہے اور اس سے ہر قسم کے ہم و غم دور ہوتے ہیں۔ اور مشکلات حل ہوتی ہیں۔ نماز کو سنوار سنوار کر پڑھنا چاہئے۔ اور سمجھ سمجھ کر پڑھو اور دعاؤں کے بعد اپنے لئے اپنی زبان میں بھی دعائیں کرو۔

اس سے تمہیں اطمینان قلب حاصل ہوگا اور سب مشکلات خدا تعالیٰ چاہے گا تو اسی سے حل ہو جائیں گی۔ نماز یاد الٰہی کا ذریعہ ہے۔" (ملفوظات جلد سوم ص 310)

کشتی نوح میں فرماتے ہیں "جو شخص پنجگانہ نماز کا التزام نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔"

نماز کی برکات کا حصول

حضرت مسیح موعود نماز کی برکات کے حصول کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

"اس میں شک نہیں کہ نماز میں برکات ہیں مگر وہ برکات ہر ایک کو نہیں مل سکتے۔ نماز بھی وہی پڑھتا ہے جس کو خدا تعالیٰ نماز پڑھاوے۔ ورنہ وہ نماز نہیں، نرا پوست ہے جو پڑھنے والے کے ہاتھ میں ہے۔ اس کو مغز سے کچھ واسطہ اور تعلق ہی نہیں۔ اسی طرح کلمہ بھی وہی پڑھتا ہے جس کو خدا تعالیٰ کلمہ پڑھوائے۔ جب تک نماز اور کلمہ پڑھنے میں آسمانی چشمہ سے گھونٹ نہ ملے تو کیا فائدہ؟ وہ نماز جس میں حلاوت اور ذوق ہو اور خالق سے سچا تعلق قائم ہو کر پوری نیاز مندی اور خشوع کا نمونہ ہو، اس کے ساتھ ہی ایک تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے جس کو پڑھنے والا فوراً محسوس کر لیتا ہے کہ اب وہ وہ نہیں رہا جو چند سال پہلے تھا۔" (ملفوظات جلد سوم ص 597)

نماز باجماعت کی اہمیت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:-

"بچوں کے اخلاق کی درستی اور اصلاح کے لئے میرے نزدیک سب سے زیادہ ضروری امر نماز باجماعت کی عادت ہے میں نے اپنے تجربہ سے نماز باجماعت سے بڑھ کر کوئی چیز نیکی کے لئے ایسی مؤثر نہیں دیکھی سب سے بڑھ کر نیکی کا اثر کرنے والی نماز باجماعت ہی ہے میرے نزدیک نماز باجماعت کا پابند انسان خواہ بدیوں میں ترقی کرتے کرتے ابلیس سے بھی آگے نکل جائے پھر بھی میرے نزدیک اس کی اصلاح کا طریق ہاتھ سے نہیں گیا۔ ایک رائی کے برابر بھی میرے دل میں خیال نہیں آتا کہ کوئی شخص نماز باجماعت کا پابند ہو اور پھر اس کی اصلاح کا کوئی بھی موقع نہ رہے۔ خواہ وہ کتنا ہی بدیوں میں مبتلا ہو گیا ہو نیکی کے متعلق نماز کے مؤثر ہونے کا مجھے اتنا کامل یقین ہے کہ میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر بھی کہہ سکتا ہوں کہ نماز باجماعت کا پابند خواہ کتنا ہی بداعمال کیوں نہ ہو گیا ہو اس کی ضرور اصلاح ہو سکتی ہے۔ اور وہ ضائع نہیں ہوتا اور میں شرح صدر سے کہہ سکتا ہوں کہ آخری وقت تک اس کے لئے اصلاح کا موقع ہے اگر وہ نماز باجماعت کا پابند اس رنگ میں ہو کہ اس کو اس میں لذت اور سرور حاصل ہو۔ میرے نزدیک ان ماں باپ سے بڑھ کر اولاد کا کوئی دشمن نہیں جو بچوں کو نماز باجماعت کی عادت نہیں ڈالتے۔ بڑا آدمی اگر خود نماز باجماعت نہیں پڑھتا تو وہ منافق ہے مگر وہ لوگ جو اپنے بچوں کو نماز باجماعت ادا کرنے کی عادت نہیں ڈالتے وہ ان کے خونی قاتل ہیں۔ اگر ماں باپ اپنے بچوں کو نماز باجماعت کی عادت ڈال دیں تو ان پر کبھی ایسا وقت نہیں آ سکتا کہ یہ کہا جا سکے کہ ان کی اصلاح ناممکن ہے۔"

(الازہار ص 174)

اللہ تعالیٰ ہمیں نماز باجماعت کی اہمیت سمجھنے اور اپنے بچوں کو اس کا عادی بنانے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

ہومیوپیتھی کے بعض اہم اور قیمتی نسخہ جات

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب ''ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل'' سے ماخوذ

مرتبہ: پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

اپنڈکس

''آئرس ٹینکس (Iris Tenax) معدے اور اپنڈے سائٹس (Appendicitis) کی بہترین دوا سمجھی جاتی ہے''۔ (صفحہ:479)

اپھارا

''انتڑیوں کے تشنج کی وجہ سے پیٹ ہوا سے ایسا تن جاتا ہے کہ کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دے گا۔ یہ انتڑیوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں ہوا کا بڑھتا ہوا دباؤ عرف عام میں اپھارا کہلاتا ہے۔ اس قسم کا اپھارا مویشیوں میں بھی ملتا ہے۔ (اگر وہ ایسا چارہ استعمال کریں جس میں ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic acid پیدا ہو چکا ہو) اس قسم کے اپھارے میں خواہ وہ گائے، بھینس، بھیڑ بکری، گھوڑا کو ہو، اس سے ملتا جلتا اپھارہ انسانوں میں بھی ملے تو کالچیکم کی چند گولیاں جادو کا سا اثر دکھاتی ہیں'' (صفحہ:320)

اجتماع خون

''بیلس ٹخنے کی موچ، پٹھوں کے درد اور چوٹ کے نتیجہ میں اجتماع خون کے لئے بہترین دوا ہے''۔ (صفحہ:143)

اسہال

(الف) ''جلسیمیم کو عموماً سردرد اور نزلاتی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے مگر اسہال وغیرہ میں استعمال نہیں ہوتی حالانکہ اگر جسم ٹھنڈا ہو اور سر میں بوجھ محسوس ہو، منہ خشک ہونے کے باوجود پیاس نہ ہو تو وہ اسہال جو لمبا عرصہ پیچھا نہ چھوڑیں، ان میں جلسیمیم بہترین کام کرتی ہے۔ اس لئے یہ اسہال کی بھی دوا ہے''۔ (صفحہ:396)

اسہال کی خطرناک بدبو

''اگر انتڑیوں میں بہت زیادہ تعفن پایا جائے خصوصاً ٹائیفائیڈ کی بیماری میں ایسے اسہال آتے ہوں جن میں انتہائی خطرناک بدبو ہو تو پٹیشیا سے بہتر اور کوئی دوا نہیں ہے۔ ایسے اسہال کی یہ اولین دوا ہے۔ لیکن اس میں کھلے اسہال نہیں ہوتے، معمولی یا درمیانے درجے کے، لئی کی طرح کے اسہال ہوتے ہیں جن میں شدید بدبو ہوتی ہے''۔ (صفحہ:121)

اسہال اور سردرد

''اگر نکس وامیکا کے غلط استعمال سے اسہال لگ جائیں یا سردرد شروع ہو جائے تو اسہال کے لئے کالی کارب اور سردرد کیلئے جلسیمیم بہترین دوائیں ہیں۔ اگر نکس وامیکا دیتے دیتے ایک دم اسہال شروع ہو جائیں تو کالی کارب کی ایک دو خوراکوں سے ہی خدا کے فضل سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔ لیکن اسے زیادہ دیر استعمال نہ کریں۔ ورنہ قبض ہو جائے گی۔ اگر ایک دو خوراکوں سے فائدہ ہو جائے تو اسے بند کر دیں''۔ (صفحہ:497)

پیشاب میں البیومن کا آنا

''ذیابیطس اور پیشاب میں البیومن آنے کی بیماری میں ارجنٹم میٹیلیکم بہترین دوا ہے۔ اگر دوسری علامتیں ملتی ہوں تو مکمل شفا ہو جاتی ہے۔ گردوں کی اندرونی جھلیوں میں خرابیاں پیدا ہو جائیں تو بھی ارجنٹم میٹیلیکم مفید ہے''۔ (صفحہ:74)

بھوک اور سیاہ رنگ کی الٹیاں

''مریض ہر وقت بھوک محسوس کرتا ہے۔ معدہ اور نظام ہضم جواب بھی دے جائیں لیکن بھوک ختم نہیں ہوتی۔ اگر کسی مریض کو اس قسم کی بھوک کے ساتھ سیاہ رنگ کی الٹیاں آئیں اور حالت اتنی بگڑ جائے کہ گویا موت کی علامتیں ظاہر ہوں تو اس وقت کاربوویج کی بجائے کیڈمیم سلف موت سے واپس کھینچ لاتی ہے بشرطیکہ تقدیر جاری نہ ہو چکی ہو''۔ (صفحہ:183)

الرجی

''ہر وہ بیماری جس میں خون کا اجتماع کسی خاص عضو کی طرف ہو جائے اور اس کے نتیجہ میں تناؤ، بے چینی، سرخی اور درد پیدا کرنے والی خارش ہو اس میں اپیکیریکس بہت مفید ہے۔ بعض قسم کی الرجیوں میں بھی ایسی علامتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ملیریا کے علاج کے نتیجہ میں ہاتھ پاؤں میں سوزش، سرخی، بے چینی اور سخت تکلیف دہ خارش ہو اور مریض میں اپیکیریکس کی دوسری علامتیں بھی موجود ہوں تو یہ دوا تیر بہدف ثابت ہوتی ہے اور الرجی کو دور کرنے والی کسی اور دوا کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ ایک دو خوراکوں سے ہی اللہ کے فضل سے تکلیف دور ہو جاتی ہے''۔ (صفحہ:30)

چھینکوں کی الرجی

''ڈلیکیسس .... چھینکوں کی الرجی میں جسے Hay Fever کہتے ہیں، چوٹی کی دوا ہے۔ اگر الرجی موسم بہار میں ہو تو ڈلیکیسس کو اولین حیثیت دینی چاہئے''۔ (صفحہ:723)

ایڈز کی دوا

''ایڈز کی انتہائی مہلک بیماری میں بھی سلیشیا CM طاقت میں انتہائی موثر ثابت ہوئی ہے۔ ایڈز بھی کینسر کی طرح ایک لاعلاج بیماری سمجھی جاتی ہے۔ مختلف ممالک میں ایڈز پر میرے زیرنگرانی سلیشیا CM کے تجربے ہوئے ہیں۔ بہت سے مریضوں میں سلیشیا نے حیرت انگیز اثر دکھایا ہے''۔ (صفحہ:257)

بانچھ پن

''ایسی مریضہ جس کی بیضہ دانی میں .... (تیز اور) کاٹنے والے درد ہوں اور وہ عموماً جوڑوں کے درد کی بھی شاکی رہے یا رات کو بڑھنے والا کمر درد ابراٹینم کے مشابہ ہو اور اسے اسہال سے آرام ملتا ہو تو اس کے بانچھ پن کا بھی ابراٹینم ہی بہترین علاج ثابت ہوگا'' (صفحہ:3)

پرسوتی بخار

(الف) ''پائیروجینم .... کے تمام اخراجات میں شدید بدبو پائی جاتی ہے جن کے مہلک اثر سے اکثر تیز بخار چڑھ جاتا ہے۔ خصوصاً پرسوتی کے بخار میں یہ اکسیر اعظم ثابت ہوئی ہے۔ یہ بخار بچہ کی پیدائش کے بعد رحم میں گندے مادے رہ جانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اسے اگر سلفر کے ساتھ ملا کر دیا جائے تو اور بھی بہتر کام کرتی ہے۔ میں نے دونوں کو 200 طاقت میں ملا کر دینا بہت موثر پایا ہے''۔ (صفحہ:699)

(ب) ''اگر پرسوتی بخار یعنی وضع حمل کے دوران یا بعد تعفن پیدا ہونے سے بخار ہو بھی جائے تو سلفر اور پائیروجینم دونوں کو 200 طاقت میں ملا کر حسب ضرورت بخار ٹوٹنے تک دن میں تین بار اور بخار ٹوٹنے کے بعد چند دن روزانہ ایک بار دیتے رہیں تو یہ بہترین علاج ہے''۔ (صفحہ:436)

گردن توڑ بخار

''ہر قسم کی سوزش اور ورم میں ایپس (میلیفیکا) اس صورت میں بہت مفید ہے جب ٹکور یا گرمی سے تکلیف بڑھتی ہو۔ ان علامتوں کی موجودگی میں ایپس گردن توڑ بخار (Meningites) کا بھی بہترین علاج ثابت ہوتی ہے۔ اگر ایپس مینجائٹس میں بروقت استعمال کروائی جائے تو مرض بگڑ کر مرگی میں تبدیل نہیں ہوتا جب کہ روائتی طبی علاج سے مینجائٹس ٹھیک بھی ہو جائے تو اس کے دیرپا منفی اثرات باقی رہ جاتے ہیں جن میں سے ایک مرگی بھی ہے''۔ (صفحہ:67)

بونا پن

''برائیٹا کارب کی علامت کو بعض ہومیوپیتھ ایک ہی لفظ میں بیان کرتے ہیں یعنی Dwarfishness، اسے اردو میں بونا پن کہا جا سکتا ہے.................. اس کے ساتھ اگر چھوٹی طاقت میں سلیشیا بھی دی جائے یعنی 6x میں اور ساتھ کلکیر یا فلور 6x ملا لی جائے تو یہ قد بڑھانے کے لئے اکثر بہترین نسخہ ثابت ہوتا ہے''۔ (صفحہ:125)

بھوک نہ لگنا

''وہ نوجوان بچے اور بچیاں جو بہت دبلے پتلے ہوتے ہیں اور لوگ انہیں چھیڑتے ہیں۔ وہ بہت حساس ہو جاتے ہیں اور کھانے کے خلاف ردعمل دکھانے لگتے ہیں۔ جس چیز کی ضرورت ہو وہی استعمال نہیں کرتے۔ ایسے مریض جو زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے بھوک نہ لگنے کی بیماری (Anorexia) میں مبتلا ہو جائیں، ان میں کالی فاس سب سے اچھی دوا ہے۔ شروع میں 6x میں کالی فاس استعمال کرانی چاہئے۔ جب کچھ فائدہ ہو جائے تو ایک خوراک اونچی طاقت میں دینے سے حیرت انگیز اثر ظاہر ہوتا ہے۔ جگر یا

معدے کی خرابی سے بھوک مٹ جائے تو نکس وامیکا بہترین دوا ہے"۔ (صفحہ:510)

بھینگا پن

(سیکوٹا وروسا) چوٹوں سے پیدا شدہ تکالیف میں بھی مفید ہے۔خصوصاً سر پر چوٹ کے بداثرات بعض اوقات فالجی بیماریوں پر منتج ہوتے ہیں عام طور پر اس میں نیٹرم سلف اور آرنیکا کام آتے ہیں۔ان کے بعد اوپیم اور پلمبم کا نمبر آتا ہے۔ہاں اگر چوٹ سے تشنج ہونے لگے یا مرگی کے دورے پڑنے لگیں تو سیکوٹا وروسا خدا کے فضل سے مفید ثابت ہوگی۔اگر چوٹ کے نتیجہ میں بھینگا پن پیدا ہو جائے تو اس کی بھی یہی دوا ہے۔اس سے پہلے آرنیکا اور نیٹرم سلف بھی ضرور دینی چاہئیں۔اگر خوف کے نتیجہ میں آنکھیں اوپر کو چڑھ جائیں، پتلیاں پھیل جائیں اور بھینگا پن پیدا ہو تو سیکوٹا وروسا سے بہتر اور کوئی دوا نہیں"۔ (صفحہ:293)

بے خوابی

"(نکس وامیکا)............ بے خوابی کی بھی موثر دوا ہے۔مثلاً جو لوگ نشہ کے عادی ہوں یا جنہیں نیند کی گولیاں کھانے کی عادت پڑ جائے ان کے لئے نکس وامیکا بہترین متبادل ہے............ اگر بہت سے کاموں کا بوجھ ہو، بہت بولنا پڑا ہو یا دماغ میں کسی وجہ سے ہیجان ہو اور نیند نہ آئے تو اس میں نکس وامیکا بہترین دوا ہے............کافی پینے سے جن مریضوں کی نیند اڑ جاتی ہے اللہ کے فضل سے نکس وامیکا کی ایک ہی خوراک انہیں بہت جلد نیند آ جاتی ہے۔اور جب آتی ہے تو اچانک آتی ہے۔اور نیند سے پہلے آنے والی غنودگی کا احساس نہیں ہوتا"۔ (صفحہ:640)

پلوریسی یعنی ذات الجنب

"اگر جوڑوں کے درد کسی دوا یا مقامی علاج مثلاً ٹکور وغیرہ سے ٹھیک ہو جائیں اور اسہال لگنے کی بجائے پلوریسی (Pleurisy) یعنی ذات الجنب کی تکلیف شروع ہو جائے۔جو ملتی جلتی دواؤں سے ٹھیک نہ ہو تو ہومیوپیتھ کا فرض ہے کہ وہ یہ تحقیق کرے کہ ذات الجنب کی تکلیف شروع کیسے ہوئی تھی۔اگر اس سے پہلے جوڑوں کے درد پائے جاتے تھے جن کے ٹھیک ہونے کے بعد پلوریسی شروع ہوئی تو لازماً ابراٹینم ہی اس مریض کی دوا ہوگی۔اس کا پہلا اثر تو یہ ہوگا کہ پلوریسی کے ٹھیک ہونے پر ضرور کسی نہ کسی جوڑ میں تکلیف دوبارہ شروع ہو جائے گی۔اس کا علاج مسلسل ابراٹینم سے ہی جاری رکھنا چاہئے۔اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اسی دوا سے جوڑوں کے درد بھی ٹھیک ہو جائیں گے"۔ (صفحہ:2)

سخت اور گانٹھ دار پھنسیاں

"ایسی پھنسیاں جو غدودوں کی سوزش کے نتیجہ میں پیدا ہوں وہ بہت سخت اور گانٹھ دار ہوتی ہیں۔ان میں ایسی نیلاہٹ پائی جاتی ہے جو بہت بدزیب دکھائی دیتی ہے اور درد بھی ہوتا ہے لیکن ان میں پیپ نہیں بنتی۔ ایسی پھنسیوں میں انتھراسینم تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔ ایک دو ماہ کے مسلسل استعمال سے یہ پھنسیاں آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہیں"۔
(صفحہ:61)

پیچش

"اگر اچانک پیچش کے ساتھ خوف کا عنصر نمایاں ہو تو ایکونائیٹ اس پیچش میں بھی فوری فائدہ دیتی ہے۔خشک گرمی کی پیچش میں تو یہ لاجواب ہے"۔
(صفحہ:11)

خونی پیچش

"گرمیوں کے خشک موسم میں خونی پیچش ہو جائے تو ایکونائیٹ چوٹی کی دوا ہے جو خشک گرمی اور خشک سردی دونوں میں کام کرتی ہے"۔
(صفحہ:396,395)

وضع حمل کے دوران پیشاب کا رکنا

(الف) "اگر وضع حمل کے بعد عورتوں کا پیشاب رک جائے تو کاسٹیکم اولین دوا ہے"۔
(صفحہ:460)

(ب) "بچے کی پیدائش کے بعد پیشاب رکے تو کاسٹیکم (Causticum) اول دوا ہے"۔
(صفحہ:678)

بچوں کا پیشاب نکل جانا

"کریوزوٹ رات کو بچوں کے پیشاب نکل جانے کی بہترین دوا ہے۔اس میں یکایک پیشاب کی حاجت اتنی شدید ہوتی ہے کہ پیشاب کرنے کی جگہ تک بھی نہیں پہنچ پاتے۔اگر اس دوا کو کچھ عرصہ استعمال کیا جائے تو رفتہ رفتہ پیشاب کی حاجت کی تیزی میں کمی آ جاتی ہے اور پیشاب کو روکنے کی طاقت بڑھ جاتی ہے"۔ (صفحہ:522)

تشنج

(الف) "ایپس کے مریض کا پیٹ اکثر ہوا سے تن جاتا ہے جس کے نتیجہ میں دائیں طرف پسلی کے نیچے تشنج ہونے لگتا ہے اور مریض ماؤف جگہ کو دبا کر رکھنے سے آرام پاتا ہے۔اور جب تناؤ اور بڑھ جائے تو بائیں طرف بھی دل کے نیچے تشنج ہونے لگتا ہے جیسے شکنجہ پڑ گیا ہو۔اگر مریض گرمی سے بے چینی محسوس کرے تو ایپس تیر بہدف ثابت ہوتی ہے اور ایک دو خوراکوں میں ہی آرام آ جاتا ہے"۔
(صفحہ:70,69)

(ب) "اگر رحم میں تیزی سے واقع ہونے والے تشنج کے دورے پڑتے ہوں اور یہ تکلیف گرمی سے بڑھتی ہو تو بیلاڈونا سے اس کا فوری موثر علاج ہو سکتا ہے"۔ (صفحہ:141)

(ج) "عام طور پر میگنیشیا فاس تشنج کی بہترین دوا سمجھی جاتی ہے اور صرف رحم میں ہی نہیں بلکہ سارے جسم کے تشنج میں کام آ سکتی ہے۔اگر تشنج کو گرمی پہنچانے سے آرام محسوس ہو تو میگنیشیا فاس دیں"۔
(صفحہ:206)

(د) "اگر حیض کے دوران تشنجی کیفیتیں پیدا ہو جائیں اور سب سے پہلے انگلیاں متاثر ہوں تو بھی کیوپرم ہی اصل دوا ہے۔یہ تشنج انگلیوں سے شروع ہو کر تمام جسم میں پھیل جاتا ہے اور جسم اکڑ جاتا ہے۔اگر بے ہوشی ہو جائے اور ہذیانی کیفیت ہو اور آنکھیں اوپر چڑھ جائیں تو فوری طور پر کیوپرم استعمال کرنی چاہئے۔مرگی کے دوروں سے قبل گدی سے سر درد شروع ہو کر آگے پیشانی میں آتا ہو اور مرگی میں تشنج بھی نمایاں علامت ہو، انگلیوں میں جھٹکے لگتے ہوں اور تکلیف سے مریض کی چیخیں نکل جاتی ہوں نیز دورے کے وقت پیشاب اور پاخانہ خطا ہو جاتا ہو تو کیوپرم اس کا بہترین علاج ہے"۔ (صفحہ:342)

(ھ) "اگر کوئی بوڑھا آدمی جو لمبے عرصہ سے تجرد کی زندگی گزار رہا ہو شادی کر لے تو اسے بعض دفعہ تشنج شروع ہو جاتے ہیں جو میاں بیوی کے ملاپ کے بعد اکثر پاؤں یا پنڈلیوں سے چل کر اوپر کمر تک پھیل جاتے ہیں۔کیوپرم اس کی بہترین دوا ہے"۔
(صفحہ:342)

(ر) "روزمرہ کے تشنج کے ازالے کے لئے نکس وامیکا بہترین عمومی دوا ثابت ہوئی ہے"۔
(صفحہ:640)

(ز) "اگر بچے کو دودھ پلاتے ہوئے ماں کو تشنج ہو جائے اور درد جسم کے تمام اعضاء میں پھیل جائے تو فائٹولاکا ہی دوا ہے۔حیض جلد جلد ہو اور خون زیادہ آئے تو یہ بھی فائٹولاکا کی علامت ہے"۔
(صفحہ:665)

(ح) "پلمبم اعصاب کے عارضی تشنج کی بہترین دوا ہے۔اس کے علاوہ اگر ہاتھ پر فالج کا اثر ظاہر ہو، کلائی سکڑ کر لٹک جائے یا بہت زیادہ لکھنے کی وجہ سے کلائی بے کار ہو جائے، اگر ایسے مریض میں پلمبم کی بنیادی علامتیں موجود ہوں تو پلمبم حیرت انگیز سرعت سے اثر دکھاتا ہے"۔ (صفحہ:675)

تھکاوٹ

"محنت کش کسانوں اور مزدوروں کی جسمانی تھکاوٹ اور درد کو دور کرنے کے لئے بیلس بہترین دوا ہے۔لمبے عرصہ کی مسلسل محنت سے جوڑ جواب دے جائیں تو بیلس دینے سے فائدہ ہوتا ہے"۔
(صفحہ:143)

تیزابیت

"آئرس ورسیکولر معدے کی کھٹاس اور تیزابیت کی بہترین دوا ہے" (صفحہ:479)

"آئرس ورسیکولر معدے کی کھٹاس کے لئے بہترین دوا ہے۔ یہ انتڑیوں اور معدہ کی اندرونی جھلیوں پر بھی اثرانداز ہوتی ہے"۔ (صفحہ:483)

ٹائیفائیڈ

"ٹائیفائیڈ کی صورت میں جب پٹیشیا کی علامتیں ہوں تو پٹیشیا لازمی دوا بن جاتی ہے لیکن اس کی مددگار کے طور پر ٹائیفائیڈنیم 200 اور پائیروجینم 200 ملا کر اس کے اثر کو اور بھی تیز کر دیتی ہیں"۔
(صفحہ:122)

جسم کو جھٹکے لگیں

(الف) "اگر معدہ اور اعصابی نظام بگڑنے کی وجہ سے سوتے میں جسم کو جھٹکے لگیں تو گرائینڈ یلیا (Grindelia) بہترین دوا ہے"۔(صفحہ:134)

(ب) "بعض لوگوں کو نیند آتے وقت یا نیند کے دوران جھٹکے لگتے ہیں۔ یہ بہت تکلیف دہ عارضہ ہے۔ اس میں گرائینڈ یلیا (Grindelia) چوٹی کی دوا ہے"
(صفحہ:74)

چکر

(الف) "کاکولس کا تعلق بھی کانوں کی خرابی کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے چکروں سے ہے جن میں یہ سب سے گہری دوا ہے"۔(صفحہ:166)

(ب) "وہ چکر جو کان کی خرابی کی وجہ سے آتے ہیں ان میں (آئرس ورسیکولر) بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔عموماً ایسی کیفیت میں کاکولس بہت اچھا اثر کرتی ہے لیکن اگر کام نہ آئے تو آئرس ورسیکولر کو بھی یاد رکھیں۔ یہ بھی کان کے پردہ کی خرابی اور اس میں موجود مائع کا توازن بگڑنے کی وجہ سے آنے والے چکروں کے لئے بہترین دوا ہے۔معدہ کی خرابی کی وجہ سے جو چکر آتے ہیں ان میں نکس وامیکا اور برائیونیا مفید ہے"۔
(صفحہ:483)

(ج) "اگر ذہنی دباؤ کی وجہ سے جسمانی تھکاوٹ ہو یا جسمانی تھکاوٹ کے ساتھ ذہنی دباؤ بھی ہو تو جسم میں بھی کمزوری پیدا ہونے لگتی ہے۔ نیند نہیں آتی۔ ہر وقت فکر اور پریشانی لاحق رہتی ہے۔جس کی وجہ سے سر درد ہو جاتا ہے۔ چکر، متلی اور قے کا رجحان ہوتا ہے حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے۔ چلتے ہوئے جھٹکا لگ جائے تو حالت ابتر ہو جاتی ہے۔ ایسے مریض کی علامات میں سفر کے دوران اضافہ ہو جاتا ہے۔اچانک حرکت سے توازن بگڑ جائے تو کاکولس اول طور پر ذہن میں آنی چاہئے"۔ (صفحہ:310)

سب سے بڑا ملک

(The Russian Federation) رقبہ 17575400 مربع کلومیٹر (6592800 مربع میل) روس اس سے قبل سوشلسٹ روس کی سب سے بڑی ریاست تھی۔ دسمبر 1991ء میں سوشلسٹ روس کے خاتمے کے بعد ایک آزاد ملک بن گیا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

